سوال

ویڈیوگیم کے آلات کی خرید وفروخت وتیاری

جواب

الیکٹرونکس کی خریدوفروخت، تیاری اور مرمت کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ 1 :الیکٹرونکس کے آلات کی خریدوفروخت کیسی ہے۔؟ 2 : کمپیوٹراور LCDاوران کی اسیسریز کی خریدوفروخت کیسی ہے۔؟ 3 :ویڈیوگیمز کے سوفٹ ویرز،ویڈیوگیمز جوبازارمیں بچوں کے لئے کمرشل رکھی جاتی ہیں ان کا بنانا پھر فروخت کرنے کا کیا حکم ہے۔؟ 4 :ویڈیو گیمز کی اسیسریز"مثلا"ہنڈل، بٹن، ٹوکن، ٹوکن سوئچ،تاریں، JOYPAD،وغیرہ کا بنانا، خریدوفروخت کرنے کا حکم۔؟ 5 :ان تمام اشیاء کی مرمت کے کام کا حکم؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!مذکورہ اشیاء بذات خودنہ توحلال ہیں اور نہ حرام ہیں، ان کا حکم ان کے استعمال پر مبنی ہے۔ اگر آپ جانتے ہوں کہ خریدارا سے اچھے استعمال میں لائے گا تواسے فروخت کرنا جائز ہوگا، اوراگر آپ جانتے ہوں کہ خریدارا سے حرام استعمال میں لائے گا تواسے فروخت کرنا حرام ہوگا، کیونکہ یہ حرام پراس کی اعانت ہے، اوریہ معروف فقہی قاعدہ ہے کہ حرام کی طرف لے جانے والے راستے بھی حرام ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ فقہاء کرام نے مسلمانوں کے قاتل کواسلحہ فروخت کرنا، شراب بنانے والے کوانگور، اوردکان فروخت کرنے کوحرام قراردیا ہے۔ حالانکہ بذات خودان کی فروخت حرام نہیں ہے۔ یہی حکم ان آلات کو تیارکرنے اوران کی مرمت کرنے کا ہے۔ لیکن یادرہے کہ ہمارے معاشرے میں عموما ان اشیاء کا غلط استعمال ہی ہوتا ہے، اوراغلبیت کوسامنے رکھتے ہوئے اس کاروبارکی بجائے کوئی دوسرا اچھا ساکاروبارکرلیا جائے، جومشکوک نہ ہو۔ کیونکہ بڑی مارکیٹ میں بیٹھ کرآپ کیسے معلوم کرسکتے ہیں کہ آپ کا گاہک اس کا کیا استعمال کرے گا۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر(9083)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/9083/259/ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی